# 10826 - کارڈوں کے ذریعہ خریداری

**سوال**

ہماری گزارش ہے کہ ہمیں سعودی نیٹ کارڈ کے ذریعہ سپر مارکیٹوں سے بعض ضروری اشیاء کی خریداری کا حکم بتائیں، خریداری کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:
جب خریداری کی قیمت محدد ہو مثلا ( 150 ) ریال تو فروخت کرنے والے کو کارڈ دیا جاتا ہے اور وہ اپنے پاس موجو آلہ میں یہ کارڈ ڈالتا ہے اور اسی وقت خریداری کی قیمت خریداری کے اکاونٹ سے دوکاندار کے اکاونٹ میں منتقل ہو جاتی ہے، یعنی خریدار کے سپر مارکیٹ سے نکلنے سے قبل ہی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو معاملہ ایسا ہی ہے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے تو مذکورہ کارڈ کے استعمال میں کوئی مانع نہیں جب خریدار کے اکاونٹ میں اتنی رقم ہو جو مطلوبہ رقم کو پوری کردے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے.